
بسم الله الرحمن الرحيم

# محرم کے روزے

آپ ﷺ نے فرمایا:

رمضان کے بعد افضل ترین روزے اللہ تعالیٰ کے مہینے محرّم کے ہیں۔

(صحیح مسلم:2755)

آپ ﷺ سے عاشورہ کے دن کے روزے کے بارے میں پوچھا گیا

تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہ پچھلے ایک سال کے گناہوں کا کفارہ ہے۔

(صحیح مسلم:2747)

سیدہ رُبَیع بنت مُعوِّذؓ کہتی ہیں کہ (رمضان کے روزے کی فرضیت کے بعد بھی) ہم عاشورہ کے دن روزہ رکھتے اور اپنے بچوں سے بھی رکھواتے تھے۔ انہیں ہم اون کا کھلونا دے کر بہلائے رکھتے جب کوئی کھانے کے لیے روتا تو وہی دے دیتے یہاں تک کہ افطار کا وقت آ جاتا۔

(صحیح البخاری:1960)

جب رسول اللہ ﷺ مدینہ تشریف لائے تو یہود کو یومِ عاشورہ کا روزہ رکھتے دیکھا تو پوچھا تم اس دن روزہ کیوں رکھتے ہو؟ انہوں نے جواب دیا یہ عظمت والا دن ہے۔ اس دن اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ اور ان کی قوم کو نجات دی اور فرعون اور اس کی قوم کو غرق کر دیا تو حضرت موسیٰ نے بطور شکر اس دن کا روزہ رکھا اس لیے ہم بھی یہ روزہ رکھتے ہیں۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ’’موسیٰ سے تمہاری نسبت ہم زیادہ قریب ہیں‘‘

اس لیے رسول اللہ ﷺ نے خود بھی روزہ رکھا اور صحابہ کرامؓ کو بھی اس کا حکم دیا۔

(صحیح مسلم:2658)

محرّم الحرام

AL-HUDA International Welfare Foundation
www.alhudapk.com Ph: +92-51-4436140-3

# کعبہ کی حرمت اور مومن کی حرمت

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے:

میں نے رسول اللہ ﷺ کو کعبہ شریف کا طواف کرتے دیکھا۔ آپ ﷺ فرمارہے تھے:

اے کعبہ: تو کتنا پاکیزہ ہے! اور تیری خوشبو کتنی پاکیزہ ہے! تو کس قدر عظیم ہے! تیرا احترام کتنا عظیم ہے!

قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں محمد ﷺ کی جان ہے! اللہ کے ہاں مومن کی حرمت تیری حرمت سے بڑھ کر ہے

یعنی اس کے مال اور جان کی حرمت اور یہ کہ اس کے بارے میں اچھا گمان رکھیں۔

(سنن ابن ماجہ:3932)

محرّم الحرام

# محرم الحرام اور احترام انسانیت

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے منیٰ میں فرمایا:

تم کو معلوم ہے آج کون سا دن ہے؟ لوگوں نے کہا کہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ جانتے ہیں
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ حرمت کا دن ہے اور کیا یہ بھی تم کو معلوم ہے کہ یہ کون سا شہر ہے؟
لوگوں نے کہا کہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ جانتے ہیں
آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ حرمت والا شہر ہے اور کیا تم کو یہ بھی معلوم ہے کہ یہ کون سا مہینہ ہے؟
لوگوں نے کہا کہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ جانتے ہیں
آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ حرمت کا مہینہ ہے
پھر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تمھارا خون، تمھارا مال اور عزت ایک دوسرے پر اس طرح حرام کر دی ہے
جیسے اس دن کی حرمت اس مہینے اور اس شہر میں ہے۔

(صحیح البخاری:1742)

محرم الحرام

# مسلم اور مومن

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

مسلمان وہ ہوتا ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے
دوسرے مسلمان محفوظ رہیں
اور مومن وہ ہوتا ہے جس کی طرف سے لوگوں کو
اپنی جان اور مال کا امن ہو۔

(مسند احمد:8931)

محرم الحرام

# جان کی حرمت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے مومن کا قتل کرنا اللہ کے نزدیک تمام دنیا کے تباہ ہونے سے زیادہ ہے۔

(سنن النسائی: 3986)

محرم الحرام

# مال کی حرمت

حارث بن برصاءؓ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو حج کے دوران دو جمرات کے درمیان کہتے ہوئے سنا

آپ ﷺ فرما رہے تھے:

**جس شخص نے جھوٹی قسم کے ساتھ کسی مسلمان کا مال حاصل کیا**

**وہ اپنا ٹھکانہ آگ میں بنا لے۔**

(صحیح الترغیب والترھیب:1834)

محرم الحرام

# احترامِ مومن

نبی ﷺ نے فرمایا:

جو شخص اپنے بھائی کی عزت سے اس چیز کو دور کرے گا

جو اسے عیب دار کرتی ہے۔

اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے چہرے سے آگ دور کر دے گا۔

(مسندا حمد:27543)

محرم الحرام

# مسلم اور مومن

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

مسلمان وہ ہوتا ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے
دوسرے مسلمان محفوظ رہیں
اور مومن وہ ہوتا ہے جس کی طرف سے لوگوں کو
اپنی جان اور مال کا امن ہو۔

(مسند احمد:8931)

محرم الحرام

# مومن مومن کا بھائی ہے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

مومن مومن کے لیے آئینہ ہے

اور مومن مومن کا بھائی ہے کہ اس سے اس کے نقصان کو روکتا ہے

اور اس کی پیٹھ پیچھے اس کا دفاع کرتا ہے۔

(سنن ابی داؤد:4918)

محرم الحرام

# بہترین اور بدترین

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

اللہ کے بہترین بندے وہ لوگ ہوتے ہیں کہ انہیں دیکھ کر اللہ یاد آ جائے

اور اللہ کے بدترین بندے وہ ہوتے ہیں جو چغل خوری کرتے ہیں

دوستوں کے درمیان تفریق پیدا کرتے ہیں

بے گناہ لوگوں میں عیب تلاش کرتے ہیں۔

(مسندا حمد :17998)

محرم الحرام

# علاقوں کی ویرانی کی وجہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

ظلم اور قطع رحمی کی بہ نسبت کوئی (جرم ایسا نہیں کہ)
جس کی سزا جلدی دی جاتی ہو
اور جھوٹی قسم تو علاقوں کو ویران کر دیتی ہے۔

(السلسلة الصحيحة:978)

محرم الحرام

AL-HUDA International Welfare Foundation www.alhudapk.com Ph: +92-51-4436140-3

# قطع رحمی کی حرمت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

بنی آدم کے اعمال ہر جمعرات کو پیش کیے جاتے ہیں
اور کسی قطع رحمی کرنے والے کے اعمال قبول نہیں کیے جاتے۔

(مسند احمد:10272)

محرم الحرام

# ظلم حرام ہے

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اللہ عزوجل نے فرمایا:

اے میرے بندو! میں نے اپنے اوپر ظلم کو حرام قرار دیا ہے

اور میں نے تمہارے درمیان بھی ظلم کو حرام قرار دیا ہے

تو تم ایک دوسرے پر ظلم نہ کرو۔

(صحیح مسلم:6572)

محرم الحرام